# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

اسلام آباد، 7جون 2018ء

الیکشن کمیشن آف پاکستان نے تمام سیاسی جماعتوں کی سہولت کے پیش نظر کاغذات نامزدگی داخل کرنے کی تاریخ میں توسیع کرنے کی منظوری دی ہے لہذا کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی آخری تاریخ 8 جون سے بڑھا کر 11 جون 2018ء کر دی گئی ہے خواتین وغیر مسلموں کے لیے مختص نشستوں کیلئے بھی کاغذات نامزدگی جمع کرانے کی آخری تاریخ بھی 11 جون 2018ء تک مقرر کر دی گئی ہے۔ اسی طرح خواتین اور غیر مسلموں کے لیے مختص نشستوں کے لیے امیدواروں کی ترجیحی فہرستیں جمع کرانے کی تاریخ بھی 11 جون 2018ء تک بڑھا دی گئی ہے ترجیح فہرستیں جمع کرانے کی تفصیل درج ذیل ہے۔

۱۔ قومی اسمبلی کی خواتین کی 33 مخصوص نشستیں برائے صوبہ پنجاب وصوبائی اسمبلی پنجاب کیلئے مختص 66 خواتین اور 8 غیر مسلموں کی نشستوں کیلئے ترجیحی فہرستیں الگ الگ صوبائی الیکشن کمشنر پنجاب کے دفتر جمع کروائیں۔

۲۔ قومی اسمبلی کی خواتین کی 14 مخصوص نشستیں برائے صوبہ سندھ وصوبائی اسمبلی سندھ کیلئے مختص 29 خواتین اور 9 غیر مسلموں کی نشستوں کیلئے ترجیحی فہرستیں الگ الگ صوبائی الیکشن کمشنر سندھ کے دفتر جمع کروائیں۔

۳۔ قومی اسمبلی کی خواتین کی 4 مخصوص نشستیں برائے صوبہ بلوچستان وصوبائی اسمبلی بلوچستان کیلئے مختص 11 خواتین اور 3 غیر مسلموں کی نشستوں کیلئے ترجیحی فہرستیں الگ الگ صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان کے دفتر جمع کروائیں۔

۴۔ قومی اسمبلی کی خواتین کی 9 مخصوص نشستیں برائے صوبہ خیبر پختونخوا وصوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا کیلئے مختص 22 خواتین اور 3 غیر مسلموں کی نشستوں کیلئے ترجیحی فہرستیں الگ الگ صوبائی الیکشن کمشنر خیبر پختونخوا کے دفتر جمع کروائیں۔

۵۔ قومی اسمبلی کیلئے غیر مسلموں کی 10 مخصوص نشستوں کیلئے ترجیحی فہرستیں ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل الیکشنز، الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد سیکرٹریٹ کے پاس جمع کروائی جائیں گی۔

-----------------